نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں میں گندم کی زیادہ فی ایکڑ پیداوار کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **29 ستمبر 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کا وقت **15** اکتوبر تا **15** نومبر ہے۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کیلئے گہرا ہل چلائیں تا کہ بوقتِ کاشت وتر مہیا ہو سکے۔ بارانی علاقوں میں کم بارش والے علاقہ جات میں راجن پور، لیہ، ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ، میانوالی، بھکر، خوشاب، جنڈ اور پنڈی گھیپ شامل ہیں۔ بارانی درمیانی بارش والے علاقوں میں چکوال، تلہ گنگ اور پنڈ دادن خان جبکہ بارانی زیادہ بارش والے علاقوں میں راولپنڈی، اٹک، جہلم، سوہاوہ، نارووال، گجرات، کھاریاں اور شکر گڑھ کے علاقہ جات شامل ہیں۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار زمین کی تیاری شروع کریں۔ اگر گلی سڑی کھاد ابھی تک نہ ڈالی ہو تو فوراً ڈال لیں اور زمین میں اچھی طرح ملا دیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام شیراز **23**، مرکز **19**، ایم اے **21**، نشان **21**، عروج **22**، بارانی **17**، فتح جنگ **16** اور پاکستان **13** ہیں۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے صرف محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا 40 تا 50 کلوگرام تصدیق شدہ بیج فی ایکڑ استعمال کریں۔ گندم کی کاشت سے قبل بیج کو محکمہ زراعت توسیع کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے زہر آلود کر لیں تا کہ گندم کی فصل کیڑوں سے محفوظ رہے۔ گندم کی بوائی کیلئے بیج کو صاف کر کے استعمال کریں۔

☆☆☆☆